© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ حکومت میں آکر مدارس کے خلاف کریک ڈاؤن کروں گی۔ (بے نظیر)

خدا کرے! تیرے گھڑے دا پانی کدی نہ مکے!

☆ وکلا میرا بیان غلط سمجھے ہوں تو میں معذرت چاہتا ہوں۔ (الطاف حسین)

پان اور اُس پر یہ ویا کھان! واہ! کیا گل کھلاتے ہیں الطاف بھائی!

☆ مولانا فضل الرحمٰن بیک وقت پانچ رنگوں کی گیندیں اچھالنے کے ماہر ہیں۔ (بی بی سی)

سڑدا کیوں اے؟

☆ سرحد اسمبلی سے استعفے دے دیں۔ (وکلاء کا مطالبہ)

جسٹس کو ووٹ کون دے گا؟ (فضل الرحمٰن)

☆ وکیلوں کو سیاست میں نہیں آنا چاہیے۔ جس کا کام اُسی کو ساجھے! (احمد رضا قصوری)

اسی لیے تو آپ کا منہ کالا کیا گیا۔

☆ موجودہ حالات میں اسمبلی کی مدت بڑھانا غیر آئینی بے قاعدگی ہوگی۔ (احسن اقبال)

کوئی آئینی بے قاعدگی بھی ہوتی ہے۔

☆ بچوں کو بھوک سے تڑپتا دیکھ کر، باپ نے خودسوزی کر لی۔ (ایک خبر)

”ہر قدم خوشحالی کی جانب!“

☆ آرٹیکل ۶۲ اور ۶۳ نہ ہو تو کوئی پاگل بھی صدر منتخب ہو سکتا ہے۔ (جسٹس (ر) طارق محمود)

اور اس بند ہوتے ہوئے بازار سے کیا چاہتے ہو!

☆ انتہا پسندی کے خلاف جنگ کی قیادت کرنے پاکستان جارہی ہوں۔ (بے نظیر)

”سیاسی چھپکلی“ اقتدار کے لیے بے کلی ملاحظہ ہو!

☆ اسمبلی کی مدت دوبارہ چھ چھ ماہ کے لیے بڑھائی جا سکتی ہے۔ (وزیر اعظم شوکت عزیز)

☆ اقتدار میں آئی تو عالمی ایٹمی ایجنسی کو ڈاکٹر قدیر تک رسائی دوں گی۔ (بے نظیر)

شرم تم کو مگر نہیں آتی



© rasailojaraid.com